لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ر ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق یکم نومبر سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۴۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت عدم سماعت نالشات ناجائز قطع شدہ درختان	۱ و ۲
۲	[illegible] علی خان [illegible]	۲
۳	رخصت [illegible] صاحب	”
۴	” صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] پولیس	”
۵	منظوری رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنٹنگ پریس [illegible]	”
۶	توسیع مدت ملازمت نائب مدرس [illegible]	۳
۷	معطلی مدرس [illegible]	”
۸	تبادل مدرس [illegible]	”
۹	توسیع مدت ملازمت مدرسان [illegible]	”
۱۰	تقرر [illegible] مدرسہ [illegible]	”
۱۱	بابت اطلاع [illegible] مستعفی [illegible] سرکاری [illegible]	”
۱۲	[illegible] کتب [illegible]	”
۱۳	تقرر [illegible]	

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

ناجائز قطع شدہ درختان کے متعلق انتظام نگہبان سے قیمت درختان اور تاوان وصول کئے جانے کی کارروائی اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے ہوتی ہے۔ دیکھا جاتا ہے کہ اس حکم کے خلاف عدالت دیوانی مین رقم تاوان و قیمت درختان واپس دلا پانے کی نالشین دائر ہوتی ہین جو صیغہ متعلق کی انتظامی کارروائی کے منافی ہین۔ اس بارہ مین حسب صراحت ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے کہ

”کسی شخص کی درختان ملکیت سرکار نے اگر سرکاری درخت بطور ناجائز قطع“

" کرتے ہین یا کرائے ہین یا آیندہ قطع کریگا یا کرائیگا - اور سکریٹری صاحب بہادر "
" متعلق کے اجلاس سے اُن درختان کی قیمت یا (ناجائز قطع کرنیکی "
" پاداش مین) کوئی رقم بطور تاوان یا دونون اُس سے وصول کرنیکا "
" حکم صادر ہوا ہی یا آیندہ ہوگا تو ایسے حکم کے خلاف کوئی نالش عدالتہائے "
" دیوانی مین مسموع نہوگی "

ایک نقل اس حکم کی بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - اصل کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس بھیجے جائین - اور درج گزٹ ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات در بارہ منظوری اضافہ عنایت علی خان ٹریسر محکمہ تعمیرات مشاہرہ دار بست روپیہ بوجہ ہوشیاری و محنت بکار متعلقہ -

حکم

عنایت علیخان ٹریسر کی تنخواہ موجودہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء سے منظور ہی - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت مزید تین ماہ ڈاکٹر دین کے دہر اسسٹنٹ سرجن بوجہ نصف تنخواہ

حکم

بموجب رپورٹ ڈاکٹر دین کے دہر کی رخصت مزید تین ماہ بسلسلہ رخصت سابق بانتظام موجودہ بوضعات نصف تنخواہ منظور ہی - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت

یکماہ از ۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بوجہ علالت اور جانے لکھنؤ کو بغرض آپریشن بکار رگ کی کوتوالی چاہتے ہین

حکم

حسب صراحت رپورٹ رخصت یکماہ رعایتی صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس منظور ہی کاغذ واپس ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب الحکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء حسب احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون - ایام رخصت مین صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے کوتوال صاحب شہر کام انجام دینگے - ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ اطلاع ختم ہونے رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہوس ہولڈ ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۶ء کو و صدور حکم نسبت رخصت منشی شیر زمان خان صاحب سشن جج مامورہ کوٹھی بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہوس ہولڈ -

حکم

بموجب رپورٹ منشی شیر زمان خان و شرکت سشن جج کی رخصت مین ابتدا ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء لغایت آخر نومبر ۱۹۲۶ء منظور ہی - زمانہ رخصت مین انکی عدالتی کام کا انتظام بحیثیت موجودہ رہیگا - صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہوس کی رخصت پر ہین منشی شیر زمان خان انکی جگہ کا کام کر رہے تھے اب انکی رخصت زمانہ مین سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاوس ہولڈ کا کام مولوی قاسم علی ممبر بورڈ آف آڈٹ کے سپرد کیا جائے - ۲۲ اکتوبر سے منشی شیر زمان خان کی رخصت منظور ہوئی ہی - مولوی قاسم علی ممبر آڈٹ ۲۰ اکتوبر کو پرنسز کوٹھی پر پہنچ چکے ہین -
ایک نقل اس حکم کی صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - اصل کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب سے چھوٹے نائب مدرس بہوٹ بقال تحصیل سوار کی ملازمت امتحانی مین ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا -

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

۲۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء

بوجہ فرضی اندراج کرنے حاضری طلباء رجسٹر سے بنے میان مدرس اکبرآباد تحصیل ٹانڈہ معطل کیا گیا - اور نامبردہ کی تنخواہ ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء تاحکم ثانی مسدود کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے عابد علی مدرس شہ پورہ تحصیل ٹانڈہ تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ ساگر پور تحصیل شاہ آباد مین بعہدۂ مدرس اول کیا گیا - اور مدرسہ شہ پورہ مین سے اکبر علی مڈل فیل کا تقرر امتحانا برائے چھ ماہ گیارہ روپیہ تنخواہ پر کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد ولی خان مدرس اول و ...

مدرس اردو مدرسہ پل نچتہ کی مدت امتحانی ملازمت مین ۵ نومبر ۱۹۲۶ء سے دوماہ کی توسیع منظور کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء

احمد شاہ خان پہلے مدرسہ گھیر طوفان مین مدرس اول تھا اور بوجہ خرابی کام برخاست ہوا تھا اب اُسنے معافی تقصیر کی درخواست پیش کی ہے - لہذا احمد شاہ خان مڈل پاس کا تقرر گیارہ روپیہ ماہوار پر امتحانا برائے چھ ماہ مدرسہ مڈل مین منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مطبع ایک خاص قسم کا محکمہ ہے جسمین وہی لوگ ملازم رکھے جاسکتے ہین جو مطبع کے کام سے واقف ہون - ایسے اشخاص کا فوراً دستیاب ہونا بعض اوقات دشوار ہوتا ہے - جو اشخاص مطبع کے ملازم ہین اُنکا فوراً ترک ملازمت کرنا مطبع کے کام مین ہرج کا باعث ہو - لہذا ملازمان مطبع اگر ملازمت ترک کرنا چاہین تو اُنکے لئے ضروری ہوگا کہ ایک ماہ قبل درخواست دیدین کہ بعد ایک ماہ کے فلان تاریخ درخواست گزار کا استعفا منظور فرمایا جائے - اسکے خلاف استعفا ہرگز منظور نہ ہوگا - اور اسوجہ سے کہ اُنکو ملازمت کرنا نہین ہے اگر کوئی ملازم غیر حاضر ہو جائیگا تو اُسکی غیر حاضری سے مطبع کا جو نقصان ہوگا اُسکا وہ ذمہ دار سمجھا جائیگا - لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا فوراً احکام جاری کئے جائین اور ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف . . . . ۱۲؍ ہی

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اِسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف . . . . ۱۲؍ ہی

العدل - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی۔ جسمین حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی۔ قیمت . . . . . للعہ ہی

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک . . ۲ صہ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا